http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے سلسلے کا 22 سال ABC Certified باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارضِ وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر کراچی نیوز

چیف ایڈیٹر عبدالسلام منصور

جلد : 24 | 17 جمادی الثانی 1448ھ ہفتہ 28 نومبر 2026ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 147

وزیراعظم کی VIP کیلئے قرضوں کے حصول کے طریقہ کار کو مزید آسان بنانے کی ہدایت

ایس ایم ایز کو سہولت دینے کیلئے بینک صرف قرضوں کی فراہمی ہی نہیں بلکہ لیٹرز آف کریڈٹ کے اجرا اور بینک گارنٹیز کی فراہمی میں بھی معاونت کریں، شہباز شریف

اسلام آباد (پیرو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے ایس ایم ایز کے لیے قرضوں کے حصول کے طریقہ کار کو مزید آسان بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایس ایم ایز کو سہولت دینے کیلئے بینک صرف قرضوں کی فراہمی ہی نہیں بلکہ لیٹرز آف کریڈٹ کے اجرا اور بینک گارنٹیز کی فراہمی میں بھی معاونت کریں، ایس ایم ایز کو قرضوں کی فراہمی کے مقررہ اہداف حاصل کرنے والے بینکوں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ایس ایم ایز (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

یمنی حوثیوں کا بحیرہ احمر میں برطانوی مال بردار جہاز کو نشانہ بنانے کا دعویٰ، بحری نگرانی سخت

جاز ان ریفائنری پر حوثیوں کا حملہ، نیپالی کارکن ہلاک متعدد زخمی

ریاض، لندن (نیٹ نگ ڈیسک) سعودی عرب کے جنوب مغربی علاقے جازان میں واقع آئل ریفائنری پر فضائی حملے کے نتیجے میں 1 نیپالی کارکن ہلاک اور مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے متعدد افراد زخمی ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی وزارت توانائی کے عہدیدار نے بتایا کہ حملے کے بعد ریفائنری میں شدید آگ بھڑک اٹھی جس کے باعث تنصیب کے بعض پراسیسنگ یونٹس عارضی طور پر روک (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

قانون سازی کے پیچھے چھپی نیتیں اکثر اداروں کو سمجھ نہیں آتیں، جسٹس (ر) محسن کیانی

اسلام آباد (پیرو رپورٹ) جسٹس (ر) ریاض حسین اختر کیانی نے کہا ہے کہ قانون سازی کے پیچھے چھپی نیتیں اکثر اداروں کو سمجھ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

ترکیہ نے پاکستان اور سعودی عرب کے ساتھ مکہ دفاعی معاہدے کی توثیق مکمل کر دی

پاکستان، سعودیہ، ترکیہ کی اعلیٰ سول و عسکری قیادت کی بیٹھک، سعودی کشیدگی پر گفتگو

مکہ دفاعی معاہدہ

اجلاس میں وزیر دفاع خواجہ محمد آصف اور چیف آف ڈیفنس فورسز و چیف آف آرمی سٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے ہمراہ اجلاس میں شرکت کی، سعودی عرب کے اعلیٰ سطح کے وفد میں وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان بن عبدالعزیز السعود، وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان السعود اور سعودی مسلح افواج کے چیف آف جنرل اسٹاف جنرل فیاض بن حمد الرویلی شامل

اسلام آباد (پیرو رپورٹ) مکہ دفاعی اتحاد کی اسٹریٹجک پولیٹکل اینڈ ڈیفنس کمیٹی کے اجلاس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ، وزرائے دفاع، عسکری حکام کے علاوہ اعلیٰ سطحی سول و عسکری حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے مطابق عملی کام کا اسلام آباد میں یہ پہلا اجلاس ہے، سربراہان اور اعلیٰ سطحی جنگی نے شرکت کی۔ زرائع کے مطابق اجلاس میں مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت قائم اسٹریٹجک، سیاسی و دفاعی عملی کام کا اہم اجلاس آج اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزیر دفاع خواجہ محمد آصف اور چیف آف ڈیفنس فورسز و چیف آف آرمی سٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے ہمراہ اجلاس میں شرکت کی، سعودی عرب کے اعلیٰ سطحی سول و عسکری حکام نے شرکت کی

گورنر سندھ کا افریقی اور وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ تجارتی و اقتصادی تعلقات کے فروغ پر زور



کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ سید عبدالمہ نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ پاکستان کی معاشی ترقی اور خوشحالی کا انحصار برآمدات پر ہے، ہمارے لیے بین الاقوامی تعاون، تجارت اور سرمایہ کاری کے لیے بہت سے مواقع موجود ہیں، ہمیں ان سے فائدہ اٹھانا ہوگا، ہم اپنی برآمدات کو کیسے بڑھا سکتے ہیں، ہمیں اس پر توجہ دینی ہوگی، ہمارے ملک کی برآمدات 30 ارب ڈالر ہیں، ہم اسے

روزنامہ تشکر کراچی نیوز
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور
چیف ایڈیٹر و پبلشر علی منصور نے ادارہ تشکر پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن رپوریڈیس B/1-3/III-B فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059 roznamatashakur786@gmail.com



ڈی جی KBCA کا ایڈمن سوسائٹی میں منہدم عمارت کا دورہ



غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

تمام غیر قانونی منزلوں اور عمارتوں کی فہرستیں مرتب کر کے انہدای کارروائی کی جائے، ''نومور فلور نو للیگل کنسٹرکشن'' پالیسی پر سختی سے عمل ہوگا، عابد سلیم قریشی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (ایس بی اے) عابد سلیم قریشی نے عہدے کا چارج سنبھالنے کے بعد کراچی ایڈمن سوسائٹی میں منہدم ہونے والی عمارت کا بھی دورہ کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل فرحان قیصر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈی جی ایس بی اے نے جائے وقوعہ پر چاروں اطراف کی عمارتوں کا جائزہ لیا اور متاثرہ عمارت کا تفصیلی معائنہ کیا، جبکہ متعلقہ افسران نے انہیں عمارت کی دیگر جزوبات اور چاروں عمارتوں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ عابد سلیم قریشی نے بریفنگ کے دوران کہا کہ ''کسی بھی ادارے کو ہرگز یہ اجازت نہیں دی جائے گی کہ وہ شہریوں کی جان و مال سے کھیلے۔ ایسے عناصر کے خلاف بلاامتیاز اور بلاتاخیر کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ''ہر وہ شخص یا ادارہ جو قانون کی خلاف ورزی کرے گا، اس کے خلاف سخت سے سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ ہم کسی کو بھی قانون سے بالاتر نہیں ہونے دیں گے۔'' ڈی جی ایس بی اے نے کہا کہ ''ہمارا مقصد شہریوں کو محفوط اور قانون کے مطابق تعمیرات کی فراہمی ہے، اور ہم اس مقصد کے حصول کے لیے ہر ممکن اقدام کریں گے۔'' انہوں نے کہا کہ ''ہم نے ایک واضح پالیسی بنائی ہے، جس کے تحت کسی بھی غیر قانونی تعمیر کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ روزنامہ تفکر 1

شعبے کو مضبوط حیثیت حاصل ہے اور اس کے ساتھ ساتھ ہم نے اجلاس میں ڈسپلن کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کا زیادہ تر انحصار افرادی قوت پر ہوتا ہے جو اس